Official Spokesperson's response to a media query on the Joint Press Release of the China-Pakistan Foreign Ministers’ strategic dialogue

August 22, 2020

چین پاکستان وزرائے خارجہ کے اسٹریٹجک ڈائیلاگ کے مشترکہ پریس ریلیز کے بارے میں میڈیا کے سوال پر سرکاری ترجمان کا جواب

22 اگست، 2020

چین پاکستان وزرائے خارجہ کے اسٹریٹجک ڈائیلاگ کے مشترکہ پریس ریلیز کے بارے میں میڈیا کے سوال کے جواب میں، سرکاری ترجمان شری انوراگ سریواستو نے کہا:

ہم ماضی کی طرح چین پاکستان کے وزرائے خارجہ کے اسٹریٹجک ڈائیلاگ کے دوسرے دور کے مشترکہ پریس ریلیز میں جموں وکشمیر کے مرکزی علاقہ کے بارے میں بات کو واضح طور پر مسترد کرتے ہیں۔ جموں وکشمیر کا مرکزی علاقہ ہندوستان کا اٹوٹ اور لازمی حصہ ہے، اور ہم متعلقہ فریقوں سے توقع کرتے ہیں کہ وہ ہندوستان کے اندرونی معاملات میں مداخلت نہ کریں۔

اسی کے ساتھ ساتھ ہم نام نہاد "چین پاکستان اقتصادی راہداری" پر بھی اپنی مستقل موقف کا اعادہ کرتے ہیں۔ بھارت نے بار بار نام نہاد چین پاکستان اقتصادی راہداری کے منصوبوں پر چین اور پاکستان دونوں سے اپنے تحفظات کا اظہار کیا ہے، جو بھارت کے اس علاقے میں ہیں جن پر غیر قانونی طریقے سے پاکستان نے قبضہ کر رکھا ہے۔ ہم دوسرے ممالک کے ان اقدامات کی پوری مخالفت کرتے ہیں جو پاکستان کے مقبوضہ جموں وکشمیر میں موجودہ صورتحال کو تبدیل کرے، اور ہم متعلقہ فریقوں سے اس طرح کی کارروائیوں کو روکنے کا مطالبہ کرتے ہیں۔

نئی دہلی

22 اگست، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release